**17-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ بیگم

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ مغربی بنگال میں ٹرین حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 9 ہوگئی ہے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے جائے حادثہ کا دورہ کیا۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے منی پور کی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔

☆ کانگریس لیڈر راہل گاندھی رائے بریلی لوک سبھا سیٹ برقرار رکھیں گے۔ پرینکا گاندھی، وائناڈ سے چناؤ لڑیں گی۔

☆ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے غزہ میں لڑائی کے تناظر میں جنگی امور سے متعلق 6 رکنی کابینہ تحلیل کر دی ہے۔

☆ آج عید الاضحیٰ مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Train Accident**

مغربی بنگال میں آج صبح نیو جلپائی گڑی اسٹیشن کے نزدیک اگرتلہ- سیالدہ کنچن جنگا ایکسپریس ایک مال گاڑی سے ٹکرا گئی۔ اِس حادثے میں 9 افراد کی موت ہوگئی جبکہ کم از کم 60 افراد زخمی ہوئے۔ یہ حادثہ نیو جلپائی گڑی سے

کوئی 7 کلو میٹر دور رنگا پانی اسٹیشن کے نزدیک پیش آیا۔ اِس کے سبب پیچھے کے دو ریل ڈبے پٹری سے اتر گئے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے ریل حادثے میں مرنے والوں کے لواحقین کیلئے وزیر اعظم کے قومی راحت فنڈ سے دو دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بتایا کہ مرنے والوں کو معاوضہ بڑھا کر دیا جائے گا۔

وزیر موصوف نے کہا کہ موت ہونے کی صورت میں 10 لاکھ روپے، شدید طور پر زخمی ہونے والوں کو ڈھائی لاکھ روپے اور معمولی طور پر زخمی ہونے والوں کو پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

اِدھر مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے اِس واقعے پر صدمے کا اظہار کیا ہے اور اِس حادثے کیلئے ریلوے کی وزارت کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ وہ جائے حادثہ کا دورہ کر رہی ہیں۔

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آج سہ پہر رنگا پانی کے مقام پر ٹرین حادثے کی جگہ کا دورہ کیا۔ سڑک راستہ تنگ ہونے کی وجہ سے وہ ایک موٹر سائیکل پر پیچھے بیٹھ کر جائے حادثہ پر گئے۔

وزیر موصوف زخمیوں کو دیکھنے کیلئے اسپتال بھی گئے۔

ریاست کے گورنر سی وی آنند بوس بھی جائے حادثہ کا دورہ کر رہے ہیں۔ اِدھر سلی گڑی میں آج صبح سے تیز بارش ہو رہی ہے، جس سے بچاؤ کارروائی متاثر ہوئی ہے۔

یہ ریل گاڑی اگرتلہ سے سیالدہ جا رہی تھی کہ آج صبح 9 بجے کے آس پاس یہ حادثہ پیش آیا۔ اِس کی وجہ سے طویل دوری کی ریل خدمات عارضی طور پر روک دی گئیں۔ x

## Train Operation

مغربی بنگال میں رنگا پانی ریلوے جنکشن کے نزدیک ریل حادثے کے بعد بارسوئی-نیو جلپائی گڑی ریل سیکشن پر ریل ٹریفک متاثر ہوا ہے۔ کٹیہار کے ڈویژنل ریل منیجر سریندر کمار نے بتایا کہ یہ حادثہ مذکورہ سیکشن کی ڈاؤن لائن پر ہوا۔

ڈبرو گڑھ- نئی دلّی راجدھانی ایکسپریس

اور ہاوڑہ- نیوجلپائی گڑی وندے بھارت ایکسپریس

سمیت 9 ریل گاڑیوں کا راستہ بدل کر اُنھیں نیوجلپائی گڑی- سلی گڑی- باگ ڈوگرہ- Aluabari

ریل سیکشن کی جانب موڑ دیا گیا ہے۔

حادثے کے بعد بارسوئی- جلپائی گڑی ریل سیکشن پر مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر کئی ٹرینیں رکی ہوئی ہیں۔ اِن میں گوہاٹی، اگرتلہ اور شمال مشرق جانے والی ریل گاڑیاں شامل ہیں۔

ڈویژنل ریل منیجر نے بتایا کہ حادثے کی وجہ سے دو ریل گاڑیاں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ اِن میں رادھیکا پور- سلی گڑی انٹر سٹی ایکسپریس شامل ہے۔x

## PM Kisan

وزیر اعظم نریندر مودی، کل اترپردیش کے وارانسی میں پی ایم کسان اسکیم کی 17 ویں قسط جاری کریں گے۔ 9 کروڑ 26 لاکھ سے زیادہ کسانوں کو 20 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا فائدہ ملے گا۔

وزیر اعظم اپنی مدد آپ کرنے والے 30 ہزار سے زیادہ گروپوں کو سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کریں گے، جنہیں توسیعی کارکن کے طور پر کام کرنے کیلئے کرشی سکھی کے طور پر تربیت دی گئی ہے۔ 50 چنندہ کرشی وکاس کیندروں پر خصوصی پروگرام منعقد کیا جا رہا ہے۔

پی ایم کسان اسکیم کا آغاز 24 فروری 2019 کو کیا گیا تھا تاکہ زمین رکھنے والے سبھی کسانوں کی مالی ضروریات پوری کرنے میں مدد کی جاسکے۔

اِس میں زیادہ آمدنی والے کسانوں کو اِس کے دائرے سے باہر رکھنے کی بھی گنجائش شامل ہے۔

فائدوں کی براہ راست منتقلی کے ذریعے پورے ملک میں ہر چار مہینے بعد تین برابر کی قسطوں میں 6 ہزار روپے سالانہ کسانوں کے کنبے کے بینک کھاتوں میں پہنچائے جاتے ہیں۔ اب تک پورے ملک میں 11 کروڑ سے زیادہ کسانوں کو 3 لاکھ چار ہزار کروڑ روپے سے زیادہ تقسیم کیے جاچکے ہیں۔ x

## Shah Manipur

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے منی پور کی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آج نئی دلّی میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں مرکزی داخلہ سکریٹری اجے بھلاّ، انٹیلیجنس بیورو کے سربراہ Tapan Deka، فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے، فوج کے نامزد سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی، منی پور کے ڈائریکٹر جنرل پولیس راجیو سنگھ اور دیگر اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔

جناب امت شاہ نے کل جموں کشمیر کی سیکورٹی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی تھی۔ x

## J&K Terrorists Encounter

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں شمالی کشمیر کے باندی پورہ ضلعے میں آج Aragam علاقے میں ایک تصادم میں ایک دہشت گرد مارا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق دہشت گردوں کے موجود ہونے کے بارے میں ٹھوس اطلاع ملنے پر فوج، CRPF اور جموں کشمیر پولیس کی مشترکہ ٹیم نے باندی پورہ میں Aramam کے مقام پر محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی۔

جب فورسز کی مشترکہ ٹیم مشتبہ مقام کے نزدیک پہنچی تو وہاں چھپے ہوئے دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز پر گولیاں چلانا شروع کر دیں، جس کے بعد یہ تصادم ہوا۔ x

## Rahul Raebareli

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں شمالی کشمیر کے باندی پورہ ضلعے میں آج Aragam علاقے میں ایک تصادم میں ایک دہشت گرد مارا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق دہشت گردوں کے موجود ہونے کے بارے میں ٹھوس اطلاع ملنے پر فوج، CRPF اور جموں کشمیر پولیس کی مشترکہ ٹیم نے باندی پورہ میں Aramam کے مقام پر محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی۔

جب فورسز کی مشترکہ ٹیم مشتبہ مقام کے نزدیک پہنچی تو وہاں چھپے ہوئے دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز پر گولیاں چلانا شروع کر دیں، جس کے بعد یہ تصادم ہوا۔ x

## India US ICET

امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan نے آج نئی دلّی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال سے ملاقات کی۔ بعد میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ مختلف دو طرفہ، علاقائی اور عالمی امور پر طرفین نے جامع تبادلۂ خیال کیا۔ وزیر موصوف نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت- امریکہ کلیدی ساجھیداری تیزی کے ساتھ آگے بڑھتی رہے گی۔

امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر اور بھارت کے اُن کے ہم منصب اجیت دوبھال نے اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے بارے میں دوسری سالانہ میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران جناب دوبھال اور جناب Sullivan نے بھارت- امریکہ کلیدی رابطوں کے تمام تر پہلوؤں کا جائزہ لیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکہ کے صدر جو بائیڈن نے مئی 2022 میں اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے بارے میں بھارت- امریکہ پہل کا اعلان کیا تھا۔ اِس کا مقصد دونوں ملکوں کی سرکاروں، کاروباری گھرانوں اور تعلیمی اداروں کے درمیان کلیدی تکنیکی ساجھیداری اور دفاعی صنعتی اشتراک کو فروغ اور وسعت دینا ہے۔ x

## PM Africa President

وزیر اعظم نریندر مودی نے جنوبی افریقہ کے صدر Cyril Ramaphosa کو پھر سے منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت-جنوبی افریقہ کلیدی ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے کی خاطر جناب Ramaphosa کے ساتھ مل کر کام کرنے کے متمنی ہیں۔ x

## Israel War Cabinet

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے غزہ میں لڑائی کے تناظر میں جنگی امور سے متعلق 6 رکنی کابینہ تحلیل کر دی ہے۔ اِس سے قبل centrist اپوزیشن لیڈر Benny Gantz اور ان کے اتحادی Gadi Eisenkot نے استعفیٰ دے دیا تھا۔

میڈیا اطلاعات کے مطابق غزہ میں حماس کے ساتھ جنگ کے بارے میں اہم معاملات پر اب ایک نسبتاً چھوٹے فورم میں غور و خوض کیا جائے گا۔ اسرائیلی دفاعی افواج کے ترجمان نے بتایا کہ اِس سے کمان کے نظام پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

جناب Gantz اور جناب Eisenkot نے غزہ میں لڑائی کے بعد کے منصوبے کے فقدان سمیت وزیر اعظم کی قیادت کے معاملے پر استعفیٰ دیا ہے۔

اکتوبر میں لڑائی شروع ہونے کے بعد یہ دونوں سابق فوجی سربراہ جناب نتن یاہو کے دائیں بازو کے مخلوط اتحاد کے ساتھ قومی اتحاد کی سرکار میں شامل ہوگئے تھے۔ 7 اکتوبر کو جنوبی اسرائیل پر حماس کے حملے کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے اسرائیلی فوج نے حماس کو تہس نہس کرنے کیلئے غزہ میں مہم شروع کی تھی۔ x

## Eid Ul Azha

عید الاضحیٰ آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔ اس موقع پر لوگوں نے آج صبح عید گاہوں اور مساجد میں عید کی نماز ادا کی۔ بعد میں انھوں نے ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی۔

قومی راجدھانی دلّی میں جامع مسجد، فتح پوری مسجد اور شاہی عیدگاہ میں لوگوں نے کثیر تعداد میں عید کی نماز ادا

کی۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے عید الاضحیٰ کے موقع پر لوگوں کے تییٔں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ x

## MIFF Delhi Cancelled

ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹول کا جو Red Carpet پروگرام آج نئی دلّی میں ہونے والا تھا، وہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ جب 18 واں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹول، دیگر شہروں میں بھی منعقد کیا جا رہا ہے۔ x

## IMD Weather

اگلے دو دن کے دوران اترپردیش، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ اور دلّی کے کئی علاقوں میں کہیں شدید اور کہیں بہت شدید گرمی کا زور جاری رہنے کا امکان ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بھارتی موسمیات محکمے کے سائنسداں Soma Sen نے یہ جانکاری دی۔

2100- Soma Sen- IMD

دوسری طرف مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور آسام-میگھالیہ میں اگلے تین دن کے دوران کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔x

## Sikkim Evacuation

سیلاب سے متاثرہ سِکم میں Mangan ضلعے کے Chungthang میں پھنسے ہوئے سیاحوں کیلئے کھدائی کا کام آج صبح شروع ہوا۔

Mangan کے ضلع کلکٹر Hemkumar Chettri نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ پھنسے ہوئے سیاحوں کیلئے کھدائی کا کام سڑک کے راستے متاثرہ علاقوں سے ریاستی راجدھانی Gangtok تک شروع کیا گیا ہے۔

تاہم خراب موسم کی وجہ سے سیاحوں کو ہوائی جہاز کے ذریعے نکالنا ممکن نہیں ہو رہا، قابل ذکر ہے کہ گزشتہ دو دنوں سے Mangan ضلعے میں Lachung اور Chungthang میں پھنسے ہوئے تقریباً 2 ہزار سیاحوں جن میں 15 غیر ملکی سیاح بھی شامل ہیں۔ اُنہیں سڑک اور ہوائی جہاز کے ذریعے وہاں سے نکالنے کا کام جاری ہے۔

لیکن مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے سڑکوں کے بند ہوجانے اور خراب موسم کی وجہ سے اتوار کے روز تک کام مکمل نہیں ہو سکا۔X

## Jharkhand Encounter

جھارکھنڈ کے مغربی Singhbhum ضلعے میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں 4 ماؤنواز مارے گئے ہیں جن میں ایک زونل کمانڈر بھی شامل ہے۔ پولس ذرائع کے مطابق یہ گھات لگا کر کی گئی کارروائی تھی۔ سکیورٹی فورسز نے مارے گئے نکسل وادیوں کے پاس سے ہتھیار اور گولہ بارود برآمد کیا ہے۔ Tonto اور Goilkera پولس اسٹیشن کے تحت جنگلاتی علاقے میں تلاش کی کارروائی کے دوران آج صبح یہ جھڑپ ہوئی۔ جھارکھنڈ کے IG آپریشنز Amol V Homkar نے بتایا کہ 2 ماؤنواز گرفتار کئے گئے تھے اور ماؤنوازوں کی گرفتاری کیلئے جنگلاتی علاقے میں تلاش کی کارروائی جاری ہے۔X

## T 20 World Cup Super 8

آئی سی سی کے مردوں کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں، آج بنگلہ دیش، نیپال کو 21 رن سے ہرا کر، ٹورنامنٹ کے سُپر۔8 مرحلے میں پہنچ گیا۔ اس کے ساتھ ہی، اس مرحلے کیلئے کوالیفائی کرنے والی سبھی آٹھ ٹیمیں طے ہوگئی ہیں۔ بنگلہ دیش، اس مرحلے کیلئے کوالیفائی کرنے والی آخری ٹیم تھی۔

سُپر۔8 راؤنڈ 19 جون کو شروع ہوں گے اور 25 جون کو اختتام پذیر ہوں گے۔

پہلا گروپ بھارت، آسٹریلیا، بنگلہ دیش اور افغانستان پر مشتمل ہے جبکہ دوسرے گروپ میں امریکہ، انگلینڈ، ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقہ شامل ہیں۔ سُپر۔8 کا پہلا میچ، امریکہ اور جنوبی افریقہ کے درمیان 19 جون کو کھیلا جائے گا۔جبکہ بھارت 20 جون کو اپنے پہلے میچ میں افغانستان کا سامنا کرے گا۔

سبھی میچ ویسٹ انڈیز میں کھیلے جائیں گے۔X

## Textile Export

یوروپی یونین، امریکہ اور مغربی ایشیائی ملکوں کے بڑے بازاروں کی ناموافق معاشی صورتحال کے باوجود بھارتی ٹیکسٹائل کی آمدات میں موجودہ سال کے مئی میں 9.59 فیصد کا اضافہ ہوا۔ بھارتی ٹیکسٹائل صنعت کی کنفیڈریشن کی ایک رپورٹ کے مطاق بھارتی ملبوسات کی آمدات میں اسی مدت کے دوران 9.84 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی مجموعی برآمدات نے گزشتہ برس اسی میعاد کے مطابق مئی 2024 کے دوران 9.70 فیصد کا اضافہ درج کیا ہے۔ مئی 2024 کے لئے ملک کی مجموعی برآمدات میں 68 ارب 29 کروڑ امریکی ڈالر کا ضافہ ہوا ہے۔X

☆☆☆☆☆